سبق-1

دُعا

اَے دُنیا کے باغ کے مالی
اَے اپنے بندوں کے والی
دِل کے مالِک جان کے مالِک
دُنیا اور جَہان کے مالِک
دوسرا تُجھ سا کوئی نہیں ہے
تُجھ سا داتا کوئی نہیں ہے

بخش ہمارے جِسم کو طاقت
بخش ہمیں محنت کی عادت
ہِمّت دے کچھ کام کریں ہم
جگ میں رَوشن نام کریں ہم

(شفیع الدّین نیّر)

مشق

والی	:	مالِک
جہان	:	دُنیا
داتا	:	دینے والا، سخی، خدا
بخشنا	:	دینا
جگ	:	دُنیا

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. دُنیا کے باغ کا مالی کسے کہا گیا ہے؟
2. خدا کو کِس چیز کا مالِک کہا گیا ہے؟
3. داتا کسے کہا گیا ہے؟
4. ہمیں کس کام کی عادت ڈالنی چاہیے؟

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. دُعا =
2. جِسم =
3. مالی =
4. جَہاں =
5. رَوشن =

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ب ا غ = ...
2. ج ا ن = ...

.3	م	ا	ل	ک	= ....
.4	م	ح	ن	ت	= ....
.5	د	ن	ی	ا	= ....

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

عادت　　جہان　　بندوں　　داتا　　ہِمّت

.1 اے اپنے ـــــــ کے والی

.2 دُنیا اور ـــــــ کے مالِک

.3 تُجھ سا ـــــــ کوئی نہیں ہے

.4 بخش ہمیں محنت کی ـــــــ

.5 ـــــــ دے کچھ کام کریں ہم

پڑھیے اور غور کیجیے۔

دُنیا　　جہان　　جگ

اِن تینوں لفظوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ اِسی طرح اِن لفظوں پر غور کیجیے۔

1. مالِک داتا والی خدا
2. طاقت قوّت

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

الف	ب
پھول سا	سخت
ریشم سا	ٹھنڈا
پتّھر سا	گرم
آگ سا	نازک
برف سا	نرم

سوچیے اور بتایئے۔

محنت کی عادت کے عِلاوہ کچھ اور اچھّی عادتیں بتایئے۔

خوش خط لکھیے۔

بندوں	________ ________ ________ ________ ________
جَہان	________ ________ ________ ________ ________

همیں
محنت
رَوشن

اس نظم کو یاد کیجیے۔